CANADA

ووٹ

2015ء فیڈرل الیکشن بلیٹن:

ملازمت اور معیشت

مسئلہ

2008ء-09ء کے عالمی معاشی بحران کی وجہ سے کینیڈا کی معیشت اور روزگار متاثر ہوئے۔ ملازمت پیشہ افراد کی تعداد میں کمی ہو رہی ہے۔ ملازمتوں کا معیار بری طرح خراب ہو رہا ہے۔ زیادہ تر لوگ ایسی ملازمتیں کر رہے ہیں جن کی کوئی ضمانت نہیں ہے۔ وفاقی حکومت معیشت اور روزگار میں بہتری لانے کیلئے سرمایہ کاری کرنے کی بجائے پروگرام اور سروس میں کٹوتیوں کے ذریعے قرضے میں کمی کرنے پر توجہ دینا جاری رکھتی ہے۔

مضمون

ملازمت کی شرح، جو ملازمت پیشہ افراد کی تعداد کی پیمائش کرتی ہے، وہ فروری 2008ء میں %63.7 سے فروری 2015ء میں %61.3 تک کم ہوئی ہے۔ گزشتہ ڈیڑھ سال میں روزگار میں بہتری اچانک رک گئی ہے۔ بہت سے بے روزگار افراد نے ملازمت کی تلاش ترک کر دی ہے یا وہ ایسی ملازمتیں اختیار کرنے پر مجبور ہیں جن کی کوئی ضمانت نہیں ہے۔

کینیڈا کے دو بڑے بینکوں کی رپورٹ کے مطابق، 2008ء کے معاشی بحران کے بعد ایسی ملازمتوں کی تعداد میں بہت اضافہ ہوا ہے جن کی کوئی ضمانت نہیں ہے۔ غیر معیاری ملازمتیں عام طور پر کم تنخواہوں، آمدنی اور اس کے ساتھ ساتھ کام کے ایسے شیڈول سے منسلک ہوتی ہیں جن کی کوئی پیش گوئی نہیں کی جا سکتی۔ غیر معین ملازمت کا عدم یقین اور عدم استحکام افراد اور خاندانوں میں ذہنی دباؤ کے درجے میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔

وفاقی حکومت نے سست معیشت اور کمزور جاب مارکیٹ سے نمٹنے کیلئے مختلف سیکٹروں سے آوازیں نظر انداز کی ہیں۔ اس کی بجائے، اس نے لگاتار منصوبہ کفایت شعاری والے بجٹ تیار کئے ہیں جس کی وجہ سے 28,000 پبلک سروس کی ملازمتیں ختم ہوئیں اور ہیلتھ کیئر، ماحولیاتی حفاظت، غذائی حفاظت اور معائنے، انسانی حقوق، پینشن یافتہ سپاہیوں والے امور، سائنس اور تحقیق جیسے شعبوں میں خدمات کی کٹوتی کی۔

اس کے ساتھ ہی، کارپوریشنوں اور امیروں کے ٹیکسوں میں تخفیف کی وجہ سے اس نے ریونیو میں اربوں ڈالروں کا نقصان اٹھایا۔ 2013ء میں، کارپوریٹ کینیڈا کے پاس غیر استعمال شدہ 626 بلین ڈالر نقدی موجود تھی جس کی معیشت اور روزگار کی تخلیق پر سرمایہ کاری کی جا سکتی تھی۔

ووٹ ایک ایسا موقع ہے جسے لوگ کینیڈا کی معیشت اور ملازمت کے معیار پر اپنی رائے کے اظہار کیلئے استعال کر سکتے ہیں۔ وہ ایک ایسی حکومت کو منتخب کر سکتے ہیں جو معاشی ترقی اور اچھی ملازمتوں کو اپنی ترجیح کی فہرست میں سب سے اوپر رکھے گی۔ وہ ایک ایسی حکومت کو منتخب کر سکتے ہیں جو منصفانہ اور ہر ایک کو شامل کرنے والے ٹیکس کا نظام تشکیل دے گی۔

سوالات

1. روزگار میں اضافہ اور ملازمت کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے آپ کی پارٹی کیا کرے گی؟

2. معیشت اور روزگار میں بہتری کے مقابلے میں بجٹ کو توازن میں لانے کیلئے آپ کی پارٹی کہاں کھڑی ہے؟

3. کیا آپ کی پارٹی کاروباری اداروں اور لوگوں کیلئے مزید منصفانہ اور ترقی پذیر ٹیکس کے نظام کی تائید کرتی ہے؟

ذرائع:

مزید معلومات اور اس سلسلے کے اضافی حقائق ناموں کیلئے:

http://spno.ca/canada-votes-2015

یہ سلسلہ مندرجہ ذیل کے ذریعے عمل میں آیا: کینیڈین کونسل آن سوشل ڈیولپمینٹ، کمیونٹی ڈیولپمینٹ کونسل درہم، کمیونٹی ڈیولپمینٹ ہالٹن، ایڈمنٹن سوشل پلاننگ کونسل، سینٹ جان ہیومن ڈیولپمینٹ کونسل، سوشل پلاننگ اینڈ ریسرچ کونسل آف بی سی، سوشل پلاننگ اینڈ ریسرچ کونسل آف ہیملٹن، سوشل پلاننگ کونسل آف کیمبرج اینڈ نارتھ ڈمفریز، سوشل پلاننگ کونسل آف کچنر-واٹرلو، سوشل پلاننگ نیٹ ورک آف اونٹاریو، اور سوشل پلاننگ ٹورانٹو۔

الیکشن کا دن: 19 اکتوبر 2015ء

ترجمہ بذریعہ ایم سی آئی ایس لینگویج سروسز- غیر منافع بخش تنظیم

www.mcislanguages.ca